اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَاسَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہ
شجرۂ مبارکہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
شجرہ مبارکہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

●

سیّد سلطان فقیر و خواجہ مخدوم ولی
پادشاہا شیخ مولینا محی الدّین جلی

شمع بزمِ مصطفےٰ فرزندِ دلبندِ علیؑ
از تو میخواہم مدد اے پا بدوش ہر ولی

یا قطب یا غوث الاعظم یا ولی روشن ضمیر
بندۂ درماندہ ام جز تو ندارم دستگیر

بر درِ درگاہِ والا سائلم شے آفتاب
خاطرِ ناشاد مارا شاد کن پیران پیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ختم شریف حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ

ختم غوثیہ

درود شریف مشہور : ۱۱۱ بار کلمہ تمجید : ۱۱۱ بار

خذبیدی شیاءً للہ یا حضرت سلطان شیخ سید عبدالقادر جیلانی المدد : یکصد و یازدہ بار ۱۱۱

سلام قولاً من الرب الرحیم ۱۱۱ بار

سورۃ الم نشرح : ۱۱۱ بار سورۃ اخلاص : ۱۱۱ بار

یا باقی انت الباقی : ۱۱۱ بار

یا حضرت شاہ محی الدین مشکلکشا بالخیر : یکصد یازدہ بار (۱۱۱)

یا حضرت غوث اغثنا باذن اللہ یکصد و یازدہ بار (۱۱۱)

سہل فسہل یا الٰہی کل صعب بحرمت سید الابرار : ۱۱۱ بار

درود شریف معروف ۱۱۱ بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝۴ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۵ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝۷ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸

یا شیخ سیّد عبد القادر شیئاً للہ

(۱۱۱ بار)

امداد کن امداد کن از بند غم آزاد کن

در دین و دنیا شاد کن یا شیخ عبد القادرا

یا غوث عبد القادرا

یا اقطاب عبد القادرا

یا سلطان عبد القادرا

یکصد یازدہ بار (۱۱۱)

تمت بالخیر

صلوٰۃ اللہ تعالیٰ و ملٰئکتہٖ و انبیائہٖ و رسلہٖ و حملۃ عرشہٖ و جمیع خلقہٖ علیٰ سیدنا محمدٍ و علیٰ الہٖ و اصحابہٖ علیہ و علیہم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہٖ

ختم شریف

آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سورۃ فاتحہ
۱۲ بار

درود شریف مشہور
۳۰۰ بار

یا ھادی یا منور
۳۰۰ بار

یا ھادی یا نور
۳۰۰ بار

صلی اللہ علیک یا رسول اللہ
۱۲۰۰ بار

درود شریف مشہور
۳۰۰ بار

سورۃ فاتحہ
۱۲ بار

الصلوٰة والسلام علیک یا رسول اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا حبیب اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا نبی اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا صفی اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا خیر خلق اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا من اختار اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا من ارسلہٗ اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا من زینہ اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا من شرفہ اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا خلیل اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا من کرمہ اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا من اعظمہ اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا سیّد المرسلین

الصلوٰة والسلام علیک یا امام المتقین

الصلوٰة والسلام علیک یا خاتم النبیّین

الصلوٰة والسلام علیک یا شفیع المذنبین

الصلوٰة والسلام علیک یا رحمۃ للعٰلمین

الصلوٰة والسلام علیک یا رسول رب العٰلمین

صلوٰة اللہ تعالیٰ وملٰئکتہٖ وانبیائہٖ وحملۃ

عرشہٖ وجمیع خلقہٖ علیٰ سیّدنا محمّد وعلیٰ آلہٖ

واصحابہٖ وعلیہ وعلیہم السلام ورحمۃ اللہ

وبرکاتہٗ اللّٰھم صلّ علیٰ سیّدنا محمدٍ فی الاولین

وصلی علیٰ سیّدنا محمدٍ فی الاخرین وصل علیٰ

سیّدنا فی الملاءِ الاعلیٰ الیٰ یوم الدین وصل

علیٰ سیّدنا محمّد فی کل وقت وحین وصل علیٰ

جمیع الانبیاءِ والمرسلین وعلی الملٰئکۃ المقربین

وعلیٰ عبادک الصالحین وعلیٰ اھل طاعتک

اجمعین وارحمنا معھم برحمتک یا ارحم

الرّاحمین ٥

هٰذِهٖ شَجَرَةٌ اَصْلُهَا اَصِيلٌ وَّ فَرْعُهَا نَبِيلٌ

وَحَاصِلُهَا رَجُلٌ جَلِيلٌ اَسْئَلُ اللّٰہَ تَعَالٰی

اَنْ يَّرْزُقَهُ الْاِسْتِقَامَةِ بِحُرْمَةِ

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

صَلَّى اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

الْمُهْبَطِ عَلَيْهِ الْوَحْيِ وَالتَّنْزِيْلُ اَمْضَيْتُهَا

وَاَنْفَذْتُهَا وَاَنَا اَفْقَرُ الْوَرٰى وَخَادِمُ

الْفُقَرَاءِ السَّيِّدُ دِلْدَارْ حُسَيْنُ الْقَادِرِی

خَادِمُ سَجَّادَهٗ جَدِّی بِبَغْدَادِ الْمَحْمِيَّةَ

عُفِيَ عَنْهُ

○

رحم کر یا رب جنابِ کبریا کے واسطے
سید الکونین شاہِ انبیاء کے واسطے

از برائے اسمِ ذات جملہ اسمائے صفات
اپنی وحدت شان و عظمت و بقا کے واسطے

عفو کر دے سب خطائیں اے اللہ العالمین
شافع محشر رئیس الانبیائ کے واسطے

آسان کر دے مشکلیں اے خالق ارض و سما
حضرتِ مولا علیؑ مشکل کشائ کے واسطے

عصمتِ کونین کی خاطر کرم کر اے کریم
سیدہ طاہرہ معصومہ فاطمہ کے واسطے

سیدھی راہ ہم کو دکھا ان کے لیے اے ذوالجلال
جنکی پیشانی پاک میں تھا محمد کا جمال

یعنی حسنؑ مجتبیٰ جو تھے حسنِ کائنات
جن کے اسم پاک سے مردے کو ملتی ہے حیات

سات بار زہر کھائی مان کر تیری رضا
ہوئے شہید تیری راہ میں حسن لے اے خدا

ایسے امام پاک کی خاطر ہمیں وہ راہ دکھا
جس پہ چل کر ہو ہمارا دین و دنیا میں بھلا

حضورؐ کے نقش قدم پر ہو ہماری زندگی
سیّدنا امام حسنؓ مجتبیٰ کے واسطے

آیا اب نام حسینؓ لقب جن کا ہے شبّیر
سجدے میں سر کو کٹایا اور کھائے تیروں پہ تیر

تیری خاطر دے دیا جو پاس تھا کچھ نہ رکھّا
عونؓ و محمّد مسلمؓ قربان کئے اے خدا

اکبر و اصغر دیئے اور بہن کا پردہ دیا
بازو کٹے عباس کے آخر کٹا اُن کا گلہ

کر عطا جذبہ شہادت مادۂ صبر و رضا
سیدالشہدا بنائے لاالٰہ کے واسطے

بچ گئے تیرے فضل سے حضرتِ سجادؑ پیر

یہی پھر امام ہوئے بعد از حضرتِ شبیرؑ

نام اِن کا ہے علیؑ اور سخت یہ بیمار تھے

پھر بھی فوجِ اشقیاء سے برسرِ پیکار تھے

آخر یہ اسیر ہوئے مان کر تیری رضا

تجھ کو معلوم ہے جو بھی تھا ان سے ہوا

چالیسؔ برس تک خون کے آنسو روئے وہ اے خدا

اُن سے بڑھ کر کون ہے پھر پیکرِ صبر و رَضا

رات دن اور ہر لمحہ پڑھتے رہے تیری نماز

آخر تو نے لیئے تو ہے اللہ بے نیاز

ان کی خاطر مجھ کو کر دے عادیِ صوم و صلوٰۃ

امام زین العابدین، زین العباد کے واسطے

بعدہٗ امامِ باقرؑ پسرِ زین العابدین

پانچویں امام برحق ہم تو مانیں بالیقین

نام ہے ان کا محمد سیرتِ احمد نبیؑ
یاد میں ہر دم رہیں اور مجھکو نہ بھولیں کبھی

ان کو بھی پشیمان کیا کیسی دُنیا ہے عجیب
یا اللہ ان کی زیارت ہو جائے میرے نصیب

دنیا کی شر سے بچا اور دین پر مجھ کو چلا
حضرتِ امام باقر رضی اللہ عنہما کے واسطے

برائے امام جعفر صادقؑ ہو جائے جلد کرم
اِن کے صدقے روزِ محشر رکھ لیؤ میری شرم

ان کے طریقۂ کار پر مجھ کو چلا میرے کریم
ان کے لیے مجھ سے خوش ہو یا رحیم یا کریم

روز محشر ان کا دامن اور میرا ہاتھ ہو
امام جعفر صادقؑ خیر الوریٰ کے واسطے

امام ہفتم موسیٰ کاظمؑ بعد از جعفر امام
جن کی عمر پاک آخر قید میں ہوئی تمام

چودہ برس سے میرے آقا کوٹھری میں بند تھے

حالتِ رکوع میں حضرت قید میں پابند تھے

اللہ اللہ یہ سزا کتنی دردناک ہے

اس سیّد کی داستاں ساری الم ناک ہے

یا الٰہی میں تو قیدی ہو گیا ہوں نفس کا

دے رہائی موسیٰ کاظمؑ پیشوا کے واسطے

امام موسیٰ علیؑ رضا کیسا پیارا نام ہے

آٹھواں امام برحق رہبرِ اسلام ہے

ان کی رضا رضائے مولا کیسا عالی شان ہے

جو کہیں، اللہ کرے، اپنا تو یہ ایمان ہے

میں بھی ہوں خواہاں رضا کا اور راضی با رضا

امام ہشتم موسیٰ علیؑ رضا کے واسطے

امام نہم اور دہم کا ہے تجھے اب واسطہ

اے خدا مجھ کو دکھا دے ہے صحیح جو راستہ

اعمال بھی ہوں صالح اور زندگی آراستہ

امام تقی اور نقی کا ہے تجھے اب واسطہ

اتقیاء کی صف میں کر دے مجھ کو اے میرے کریم

امام تقی اور نقی امام اتقیائے کے واسطے

گیارہویں امام برحق سیّد حسن عسکریؑ

بندِ عصیان سے خدایا مجھ کو کر دے تو بری

میرے گناہوں سے ہے بھاری بہت ہی رحمت تری

تو ہے اللہ استا کار مان لی کارا گری

بخش دے مجھ کو خدایا دیکھ رحمت کی گھڑی

امام حسنؑ عسکری حق نما کے واسطے

امام مہدیؑ بارہویں جو کہ ہیں آخر الزمان

ان کے لیے اے خدا مل جائے تیری امان

حسد و تکبر، وسوسے اور سب بلائیں دور کر

ان کے فیض عام سے سینہ صفا پُر نور کر

ہے یہی خواہش میری مجھے مقتدی ان کا بنا

امام مہدیؑ آخری نورِ ہدیٰ کے واسطے

اب سنیں باادب با ذوق شجرہ پاک کو

درود بھیجیں مل کے سب صاحبِ لولاک کو

یہ ہے شجرہ قادری پاک اولادِ شبّر

تابع جن کی خلائقِ نوری و جن و بشر

بعد علیؑ سہرا ولائیت آگیا اب ان کے سر

حکمرانی تا حشر افلاک پر ان کا گزر

بس انہی کے زیرِ سایہ بحر و بر اور خشک و تر

حکم ان کا مانتے ہیں فلک پر شمس و قمر

نام ہے حسنِ مثنیٰ پاک فرزندِ حسنؑ

جن کی ولادت پاک سے کونین میں ہوا جشن۔

اے خدا دے دردِ دل حسنؑ مثنیٰ کے طفیل

سیدنا عبداللہؒ محض امام باصفا کے واسطے

حضرت موسیٰ رضؓ الجون فرزند عبد اللہ محل

اور عبداللہ شاہ امام الاولیاء کے واسطے

موسیٰ و داؤد محمدؐ یحییٰ الزاہد کے لیئے

صاحب دل کردے مجھے عبداللہ شاہ کیواسطے

صالح کر مجھ کو الٰہی ابو صالح رضؓ کے طفیل

صالح موسیٰ جنگی دوست شیرِ خُدا کے واسطے

کر عطا قدرت کمال مجھ کو اے میرے کریم

سید عبدالقادر شیخ الاولیاء کے واسطے

یہ پیرانِ پیر ہیں اور سب کے دستگیر ہیں

دستگیری کیجیو ان کی وِلا کے واسطے

تاج شہانہ ملے اور تخت سلطانی ملے

مخدوم محی الدین نائبِ مصطفٰے کے واسطے

سیدنا عبدالرزاق ابن شیخ انس و جن

رزق حلال دے کھلا ان کی سخا کے واسطے

سیدنا عبدالرحیمؒ ابن شہہ عبد الرزاق

رحم کر دے اے رحیم اس بادشاہ کے واسطے

شیخ محی الدینؒ ثانی قطبِ عالم با وقار

با وقار کر دے مجھے اس شہنشاہ کے واسطے

حسن و جمال اور خوبیاں مجھ کو بھی ہو جائیں عطا

سیّد ظہیر الدین کامل پیشوا کے واسطے

سیّد شاہ احمد جو ہے فرزند شاہ عبد الرحیم

کر ہدایت مجھ کو اس نورِ ہدیٰ کے واسطے

خلف اس کے یوسف و یونس حسین داؤد ہیں

عبادت کی توفیق دے ان اولیاء کے واسطے

سید سیف الدینؒ جو شرف الدین سے موسوم ہے

دل کی صفائی کر میری اس باصفا کے واسطے

یحییٰ ثانی کے لیئے سینہ صفا پُر نور کر

سید شمس الدینؒ ولی شمس الہداء کے واسطے

سید عبداللہ کے لیے میں تیری راہ میں مٹوں
یوسف وعبدالرحیم باخدا کے واسطے

محی الدین یحییٰ ثانی ابنِ داؤد بادشاہ
لحنِ داؤدی کر عطا اس بادشاہ کے واسطے

عبدالرحمٰن ابن داؤد کے لیے رکھ میری لاج
کر معزز مجھ کو تو اس دلربا کے واسطے

سید عبدالقادر ثانی کے لیے ہو میری خیر
نفس کی شر سے بچا اس راہنما کے واسطے

سید شرف الدین جو ابن شہاب الدین ہیں
کر عفو سید حسینؒ بے ریا کے واسطے

عبدالباسط کا ہے عبدالقادر ثانی خلف
مجھ کو بچا ہر عیب سے ان اولیاء کے واسطے

برائے نور الدینؒ سید مجھ کو بھی پُر نور کر
سید احمد یوسف ماہِ لقا کے واسطے !!

عبدالمجیدؒ یاکرم کے لیے کر دے کرم
اور سید یوسف ثانی باصفا کیواسطے

بوترابؒ دہم تقی سید محمودؒ یوسف کے ولد
خیر دارین کر عطا ان اصفیاء کے واسطے

بوسعیدؒ خانیاری کا عزیزالدین لقب
ذکر و فکر کر عطا اس باخدا کے واسطے

سید ملوک شاہ دہر کے لیے کر باحیا
اور سید عبداللہؒ شاہ باحیا کیواسطے

سید سلیمان و سکندرؒ کے لیے ہر چیز دے
مجھ کو مالا مال کر ان کی سخا کے واسطے

شاہ محمدؒ و احمدؒ کے لیے اب فضل کر
گنج معرفت کر عطا ان اولیاء کیواسطے

سید مقبول کی خاطر مجھے مقبول کر
میری ہر دعا مقبول ہو ان کی دعا کیواسطے

سیّد اکبر محمدؒ نیز عبداللہ لقب
یارب یاری سے نبھے اس با خدا کے واسطے

چمکے ستارہ بخت کا میرا الٰہ العالمین
سیّد عبدالعزیز نجم الھدیٰ کے واسطے

سیّد غلام الدینؒ کی خاطر بنوں تیرا غلام
اور شمس الدین ولی شمس الھدیٰ کے واسطے

نورِ ایمان سے میرے دل کو منور کر خدا
سیّد قمر الدین قمرِ مرتضٰے کے واسطے

قلب ہو بیدار میرا اے الٰہ العالمین
سیّد غلام محمدؒ سراج الدین اُدلیٰ کے واسطے

یا الٰہی مجھ کو رکھیو اپنے لیئے قائم و دائم
سیّد عزیز الدینؒ یوسف ثانیا کے واسطے

میرے اللہ میں ہوں تیرا تو بھی ہو جا میرا
سیّد صدرالدین نائبِ مرتضٰی کے واسطے

سید عطاء اللہ محی الدین بن عبدالعزیز

دے جلالت مجھ کو اس مردِ شجاع کیواسطے

سید سعدالدین اور ظہورالدین بنام

پسرانِ شمس الدین ولی شمس الہدیٰ کیواسطے

دولت عرفان دے اور علم و حکمت کر عطاؐ

یہ جو سید پاک ہیں ان کی دُعا کے واسطے

رکھ شریعت اور طریقت پر مجھے ثابت قدم

سید صدرالدین پیر و پیشوا کے واسطے

فیض عالم ہے لقب اور فیض اِن کا عام ہے

ہیں یہی آقا میرے ان ہی سے میرا نام ہے

پیر کامل ہیں حضرت ہادئ برحق بھی ہیں نعیم

نام ان کا ہے ظلیفہ اولیاء کے واسطے

دیکھنا ہے گر خدا کو دیکھ لو آقا میرے

ہو بہو ظلِّ اِلٰہ ہیں بس لقا کے واسطے

ہیں جو فرزندان عالی شان صدرالدین کے
ہاتھ اُٹھے اُن کے لیے ہیں استدعا کیواسطے

گل گلستانِ نبی خوشبوئے مولانا علی
سیّد محمدؐ یوسف شاہ اولیاء کے واسطے

وہ ہیں ہم سے دُور مولا اس دوری کو دور کر
حسنؓ و حسینؓ فاطمہؓ و مرتضٰے کے واسطے

آزاد ہو کشمیر ہم بھی زندگی میں دیکھ لیں
انبیاء و اولیاء اور اوصیاء کے واسطے

خادم دربارِ حضرت مظہر ذاتِ علیؓ
قربان جن کی زندگی ہے پیشوا کے واسطے

نام ہے کیا خوب ان کا لب پہ آتا ہے مگر
پردہ ہے مقصود بس شرم و حیا کے واسطے

دلدار شاہ مشہور ہے اظہار بھی ہے لازمی
وقف ان کی زندگی ہے بس خدا کے واسطے

ہیں جلالی بہت حضرت ہاتھ میں عصا بھی ہے
ذوالفقارِ حیدری ہیں ہر بلا کے واسطے

یا الٰہی ان کا ہوں اور انہی کا ہو کر رہوں
سیدنا قطب القلندر کبریا کے واسطے

میں قادری ہوں، قادری، اتنا مجھے معلوم ہے
آیا ہوں دنیا میں میں غوث الوریٰ کے واسطے

شان سے زندہ رہوں ایمان سے جاؤں گا میں
صالحینِ خاندانِ قادریہ کے واسطے

یہ ہے شجرہ قادری حسنی نسبی مشربی
یہ وظیفہ خاص ہے اپنی بقا کے واسطے

یہ ہے اسم اعظموں کا ہار نظموں میں صحیح
سند ہے یہ خاندانِ مصطفےٰ کے واسطے

فتوحاتِ ظاہری و باطنی ہو دیں عطا
اور ایمان سے جو بھی پڑھے اسکو خدا کے واسطے

یا الٰہی لکھنے پڑھنے سننے والوں کے لیے
عزّت دارین دے غوث الورٰی کے واسطے

یا الٰہی زندگی ہو تیرے لیے قائم و دائم
تاجدارِ ھل اتیٰ مشکلکشا کے واسطے

حاضرین اس گھڑی جو بھی ہیں تیرے حضورؐ
جائز مرادیں سب کو دے اپنی عطا کے واسطے

الفت نبی کی کر عطا یا الٰہی یا غفور
صدّیق اکبرؓ یارِ غارِ مصطفےٰ کے واسطے

عدل کی توفیق دے فاروق اعظمؓ کے طفیل
کر غنی عثمانِ رضؓ غنی باحیا کے واسطے

معرفت کا نور دے قرآن کا قاری بنا
حضرت مولا علیؓ المرتضیٰ کے واسطے

اہلِ بیتِ پاک کی الفت مجھے بھی ہو عطا
حضرت سلیمانؓ و بوذرؓ باوفا کے واسطے

میرے مولا پیروی مرشد کی کر مجھ کو نصیب

بلالؓ اویسؓ عاشقانِ مصطفےٰ کے واسطے

جہاں بھی ہیں میرے بھائی میرے مرشد کے مرید

بخش دے سب کو تو آلِ مصطفےٰ کے واسطے

یاالٰہی ہو ہمیشہ صد درود و صد سلام

سیّد الکونین ختم الانبیا کے واسطے

۷۸۶ ۱۱

سبحان ربّک رب العزت عما یصفون

وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب

العلمین ـــــــــــ اجمعین

شجرۂ طریقت قادریہ رزّاقیہ وارثیہ

الٰہی سرورِ عالم شہِ ابرار کا صدقہ
شہنشاہِ مدینہ احمدِ مختار کا صدقہ

الٰہی میری ہر مشکل کو آسانی عطا فرما
علی مشکل کشا و حیدرِ کرار کا صدقہ

الٰہی راہِ تسلیم و رضا کی خاک کر مجھ کو
حسینؓ ابن علیؓ سرچشمہ اسرار کا صدقہ

دوائے دردِ فرقت مانگتا ہوں ہاتھ پھیلائے
عطا فرما الٰہی! عابدِ بیمارؒ کا صدقہ

الٰہی باقرؒ و جعفرؒ کی دے خیرات تو مجھ کو
امام موسیٰ کاظمؒ و موسیٰ رضاؒ کا صدقہ

تصدق خواجہ معروفؒ کرخی، سری سقطیؒ کا
جنیدؒ و شبلیؒ عبدالواحدؒ ابرار کا صدقہ

طفیل حضرتِ ابوالفرح طرطوسیؒ مجھے دینا
علیؒ و بوالحسنؒ مستِ مئے اسرار کا صدقہ

الٰہی بوسعیدؒ پیر پیراں شیخ لاثانی
مہ برجِ طریقت مطلعِ انوار کا صدقہ

محی الدین شیخ عبدالقادر شاہ جیلانی
جنابِ غوث کے گلگونہ رخسار کا صدقہ

شہنشاہِ طریقت عبدالرزاق گدا پرور
شہِ سید محمد سرور و سردار کا صدقہ

الٰہی سید احمدؒ اور شہِ سید علی عارفؒ
جنابِ شاہ موسیٰ قادری سرکار کا صدقہ

شہِ سید حسنؒ اور شیخ ابوالعباس کی خاطر
بہاءالدین قسیم بادۂ اسرار کا صدقہ

برائے خواجہ سید محمد غوث قادری، یارب
مجھے دینا جلال قادریؒ سردار کا صدقہ

شہ میراں فرید بھکر ابراہیمؒ ملتانی
اور ابراہیمؒ بھکر مخزنِ انوار کا صدقہ

سراپا رحمتِ حق حضرتِ شاہؒ امان اللہ
حسینؒ حق نما، محوِ جمالِ یار کا صدقہ

شہ عرش آشیاں شاہِ ہدایتؒ منبعِ عرفاں
محبِ حق، حبیبِ احمدِ مختار کا صدقہ

جو آنکھیں دیں تو آنکھوں کو عطا کر لطفِ نظارہ
شہِ عبد الصمدؒ کے دیدۂ بیدار کا صدقہ

دیا ہے دل تو دل میں درد دے اور درد میں لذت
شہ رزاقؒ کی شیرینیٔ گفتار کا صدقہ

گلِ بستانِ زہراؓ سید اسماعیل رزاقیؒ
جنابِ شاکرؒ اللہ گوہرِ شہوار کا صدقہ

نجات اللہؒ و حضرت حاجی خادم علیؒ کامل
امیرِ لشکرِ دیں قافلہ سالار کا صدقہ

امام الاولیاء ابنِ علیؓ لختِ دلِ زہراؓ
میرے والی مرے وارثؒ مرے سرکار کا صدقہ

گدائے عشق ہوں بھر دے مرا دامن مرادوں سے
انہیں کی چشمِ مست و گیسوئے خم دار کا صدقہ

زکوٰۃِ خوبیٔ نقش و نگارِ روضۂ انور
ملے ایوانِ وارثؒ کے در و دیوار کا صدقہ

جہاں سے مانگنے والا کبھی خالی نہیں پھرتا
اسی روضہ کے ہر زائر کا ہر زوار کا صدقہ

میری آنکھوں کی پتلی میں رہے صورت قلندر کی
میرے مرشد میرے والی میرے دلدار کا صدقہ

عطا کر اپنے بیدم کو شراب معرفت ساقی
تصدق ہے کدے کا اپنے ہر مے خوار کا صدقہ

الوظیفۃ القادریۃ

گیارہ دفعہ:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

پندرہ دفعہ درود شریف:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

آخر پر ایک سو پینسٹھ دفعہ کلمہ شریف:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ○

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ۔

اسباقِ قادریہ

پہلا سبق	لَآ اِلٰـہَ اِلاَّ اللّٰہُ	ایک لاکھ بار
دوسرا سبق	اَللّٰہُ	اٹھتر ہزار چوراسی بار
تیسرا سبق	ھُــوَ	چونتالیس ہزار چھ سو چھتیس بار
چوتھا سبق	حَیٌّ	بیس ہزار بانوے بار
پانچواں سبق	وَاحِدٌ	ترانوے ہزار چار سو بیس بار
چھٹا سبق	یَا عَزِیْزُ	چوہتر ہزار چار سو چالیس بار
ساتواں سبق	یَا وَدُوْدُ	بیس ہزار ایک سو بار

تمّت بالخیر

منجانب

لوحِ قرآنی
بسم اللہ الرحمن الرحیم
حٰمٓ عٓسٓقٓ
الٓمٓ
نٓ
حٰمٓ
الٓمٓصٓ
یٰسٓ
قٓ
کٓھٰیٰعٓصٓ
آمین
انشا اللہ
اسکے دیکھنے والونکی سب مشکلیں آسان ہوجائینگی اسکو دیکھ کر جو کام شروع
کیا جائیگا پورا ہوگا اور غیبی طریقوں سے رزق کی دولت آنے لگے گی

بلغ العلیٰ بکمالہٖ کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ صلوا علیہ وآلہٖ

1۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کرنا

2۔ کلمہ شریف اور نبی مہربان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود وسلام پڑھنا

3۔ جھوٹ اور چغل خوری سے مکمل اجتناب کرنا

4۔ فرض نماز اور فرض روزہ کے ساتھ ساتھ نوافل اور نفلی روزہ کا اہتمام کرنا

5۔ اپنے گھر میں حضرت علی علیہ السلام، حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا
حضرت حسنین کریمین علیھم السلام اور حضور غوث پاک رحمتہ اللہ علیہ
کی یاد میں محافل اور نیاز کا اہتمام کرنا

روحانی مدارج میں عروج وترقی کیلئے تمام مریدین
پر ان فرمودات پر عمل کرنا از حد ضروری ہے